تبصرے

جامع العطیات مرتبۂ جناب ضیاء الدین احمد شکیب و جناب حسن الدین احمد۔
تقطیع کلاں، ضخامت ۳۴۴ صفحات، طباعت وکتابت بہتر۔ قیمت مجلد -/45
پتہ: ولا اکاڈمی، عزیز باغ، حیدرآباد۔

مغلیہ دور سلطنت اور اس کے بعد نظام دکن کی حکومت میں "عطیات" کا ایک مستقل اور بہت وسیع شعبہ تھا جس کے لئے دوسرے شعبوں کی طرح خاص خاص دستور و آئین اور قواعد وضوابط تھے، تاریخ اور دوسرے سماجی علوم کے ایک طالب علم اور محقق کے لئے اس شعبہ کا علم ایسا ہی ضروری ہے جیسا کہ حکومت کے دوسرے شعبوں کا۔ اسی بنا پر شمس العلماء نواب عزیز جنگ جو حیدرآباد کے ایک نہایت فاضل لائق و قابل اور مختلف موضوعات پر کثیر التعداد کتابوں کے مصنف تھے، انھوں نے اس موضوع پر بھی توجہ کی اور متعدد کتابیں اس پر تصنیف کر ڈالیں، یہ کتابیں کس پایہ کی تھیں؟ اس کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ جب یہ شائع ہوئیں تو مولانا حالی اور اس زمانہ کے دوسرے افاضل و ارباب قلم نے ان کی بے حد تعریف کی اور ان کی علمی اور تاریخی اہمیت کا اعتراف کیا۔ یہ کتابیں اب ناپید تھیں، اس لئے فاضل مرتبین نے ان سب کتابوں کی تلخیص کرکے یہ کتاب بڑے سلیقہ اور خوش اسلوبی سے مرتب کی ہے جس پر وہ ارباب علم وادب کے شکریہ کے مستحق ہیں۔ کتاب دو حصوں پر تقسیم ہے، ہر حصہ سات سات ابواب پر